# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 11 October-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱/اکتوبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ وزیرِ اعظم کے ہاتھوں آج ''پردھان منتری دھن دھانیہ کرشی اسکیم'' کا افتتاح؛ ریاست کے 9 اضلاع کو اس اسکیم میں کیا گیا شامل۔

☆ وزیرِ اعلیٰ نے بلدیاتی انتخابات میں چند نشستوں پر دوستانہ مقابلے کا دیا اشارہ۔

☆ کسانوں کے قرض کی معافی کا فیصلہ مناسب وقت پر کیا جائے گا: نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا تیقن۔

☆ ناندیڑ، پربھنی اور ہنگولی اضلاع میں پنچایت سمیتی کے چیئرمین عہدوں کیلئے ریزرویشن کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ موسمی بارش مانسون نے ریاست سے واپسی کے سفر کا کیا آغاز۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج نئی دہلی میں ''پردھان منتری دھن دھانیہ کرشی'' اسکیم کا افتتاح کریں گے۔ اس اسکیم کا مقصد فصلوں کی پیداوار میں اضافہ اور پیداوار میں پائیداری کو مستحکم کرنا ہے۔ ساتھ ہی مرکزی و ریاستی حکومتوں کی 36 سے زائد اسکیمات پر عمل درآمد کرتے ہوئے فصل کٹائی کے بعد کے عمل میں ٹکنالوجی کے استعمال اور قرض فراہمی کے نظام کو بہتر بنانا ہے۔ اس کیلئے مرکزی حکومت نے ملک کے 100 اضلاع کا انتخاب کیا ہے۔ اس میں ریاست کے 9 اضلاع، پال گھر، رائے گڑھ، دھولیہ، چھترپتی سمبھاجی نگر، بیڑ، ناندیڑ، ایوت محل، چندرپور اور گڑچرولی شامل ہیں۔

اس اسکیم کے بارے میں معلومات دیتے ہوئے زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے بتایا کہ اگر دالوں کی کم پیداوار والے اضلاع کی پیداوار اوسط تک پہنچ جائے تو بھی یہ اس شعبے میں بڑا اضافہ ہوگا۔ انھوں نے کہا:

***Byte: Agriculture Minister Shivraj Singh Chauhan***

اس سلسلے میں کسان دور دراز سے ملک کے مختلف مقامات پر منعقد ہونے والے پروگرامس میں شرکت کریں گے۔ مہاراشٹر میں ریاستی سطح کا پروگرام پونے میں وزیرِ زراعت دتاتریہ بھرنے کی صدارت میں منعقد ہوگا۔ وزیرِ زراعت بھرنے نے بتایا کہ زرعی شعبے میں تجربات کرنے والے 300 سے زائد ترقی پسند کسان اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اسی بیچ انگور کی کاشت کرنے والے باغبانوں کی رہنمائی کی خاطر کل شولاپور میں وزیرِ زراعت بھرنے کے ہاتھوں ایک سیمینار کا افتتاح عمل میں آیا۔ اس موقع پر وزیرِ موصوف نے تیقن دیا کہ انگور کے باغبانوں کے مطالبات پر حکومت مثبت انداز میں غور کر رہی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ آئندہ بلدیاتی اداروں کے انتخابات مہایوتی کے پرچم تلے ہی لڑے جائیں گے تاہم جہاں مفاہمت ممکن نہ ہو وہاں اتحادیوں کے خلاف دوستانہ مقابلہ کیا جائے گا۔ وزیرِ اعلیٰ کل ناسک میں نامہ نگاروں سے بات کر رہے تھے۔ آئندہ بلدیاتی انتخابات کے پس منظر میں وزیرِ اعلیٰ نے کل ناسک شہر میں ایک منصوبہ بندی میٹنگ میں شرکت کی۔ انھوں نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر کا بھی دورہ کیا، جہاں وزیرِ اعلیٰ نے ایک میٹنگ میں پارٹی عہدیداران اور کارکنان کی رہنمائی کی۔ شدید بارشوں سے ہوئے کسانوں کے نقصان کی بھرپائی کے معاملے پر مخالف جماعتوں کی جانب سے تجویز کیے گئے آندولنوں کو وزیرِ اعلیٰ نے تنقید کا نشانہ بنایا۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یقین دہانی کرائی ہے کہ مناسب وقت پر مہایوتی حکومت کسانوں کی قرض معافی پر فیصلہ کرے گی۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک صحافتی کانفرنس سے مخاطب تھے۔ شندے نے شدید بارشوں سے متاثرہ کسانوں کو فراہم کی گئی امداد کا جائزہ لیا اور اس بات کو دہرایا کہ ریاستی حکومت کسانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ شندے نے کل شیوسینا عہدیداران کی ایک میٹنگ کے دوران رہنمائی کی، ساتھ ہی شیوسینا کی انتخابی مہم کے دفتر کا افتتاح ان کے ہاتھوں عمل میں آیا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے کل ''موٹر وہیکل ایگریگیٹر رُولز 2025'' کے عنوان سے مسودہ قوانین کا اعلان کیا۔ اس پر 17 اکتوبر تک اعتراضات اور تجاویز طلب کی گئی ہیں۔ ٹرانسپورٹ کے ریاستی وزیر پرتاپ سرنائیک نے بتایا کہ ریاست میں ایک ایپ پر مبنی سفری خدمات میں نظم و ضبط، شفافیت اور مسافروں کی حفاظت کے مقصد سے ان ضوابط کو نافذ کیا جارہا ہے۔ ان میں گاڑی کے لائسنس، ان کی تجدید، ڈرائیورس کے کام کے اوقات، کرائے اور مسافروں کے انشورنس سے متعلق قوانین شامل ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بجلی ملازمین کی تنظیموں نے اپنی ہڑتال ختم کردی ہے۔ ممبئی صنعتی عدالت میں کل 72 گھنٹوں کی ہڑتال کے خلاف بجلی کمپنی مہاوِترن کی جانب سے دائر درخواست کی سماعت ہوئی۔ اس دوران جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے بتایا کہ وہ ہڑتال ختم کر رہی ہے۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کی جانب سے مراٹھواڑہ کے سیلاب متاثرین کی امداد کے مطالبے پر آج چھترپتی سمبھاجی نگر میں ''ہمبرڈا مورچہ'' نکالا جائے گا۔ اس کی شروعات صبح گیارہ بجے کرانتی چوک سے ہوگی۔

***** ***** *****

دیگر پسماندہ طبقات OBC کی تنظیموں نے ریاستی حکومت کی جانب سے ریزرویشن سے متعلق 2 ستمبر کو لیے گئے فیصلے کو منسوخ کرنے کے مطالبے پر کل ممبئی میں بڑے پیمانے پر احتجاج کیا۔ اس موقع پر تمام OBC تنظیموں نے وزیرِ اعلیٰ کو مطالباتی محضر پیش کیا۔ اسی بیچ محصول کے ریاستی وزیر اور او بی سی کیلئے کابینہ کی ذیلی کمیٹی کے چیئرمین چندر شیکھر باون کُڑے نے وضاحت کی ہے کہ ریاستی حکومت کا یہ حکم صرف حیدرآباد گیزٹ تک محدود ہے۔ انھوں نے کہا کہ او بی سی کی 353 ذاتوں کے مفادات کے تحفظ کی ہر ممکن کوشش کی جائیگی۔ باون کُڑے نے او بی سی سماج کو کنفیوژ نہ کرنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

ناندیڑ، پربھنی اور ہنگولی اضلاع کی پنچایت سمیتیوں کے چیئرمین عہدوں کے ریزرویشن کیلئے کل قرعہ اندازی کی گئی۔ ناندیڑ ضلع میں بھوکر اور مدکھیڑ پنچایت سمیتیوں کے چیئرمین عہدے درجِ فہرست ذاتوں (SC) کی خواتین کیلئے محفوظ کیے گئے ہیں۔ حمایت نگر اور کنوٹ پنچایت سمیتیاں SC زمرے کیلئے ریزرو کی گئی ہیں۔ وہیں عمری درج فہرست قبائل کیلئے، ناندیڑ اور حدگاؤں پسماندہ زمرے کیلئے' نائیگاؤں اور لوہا پسماندہ زمرے کی خواتین کیلئے مختص کی گئی ہیں۔ دیگلور، مکھیڑ، بلولی اور دھرم آباد کھلے زمرے کی خواتین کیلئے جبکہ قندھار، اددھاپور، اور ماہور پنچایت سمیتیوں کے چیئرمین عہدے کھلے زمرے کیلئے محفوظ کیے گئے ہیں۔

اسی طرح پربھنی ضلع میں سون پیٹھ، درجِ فہرست ذاتوں کی خواتین کیلئے' پاتھری پسماندہ زمرے کی خواتین کیلئے اور پورنا پسماندہ طبقے کیلئے ریزرو ہے جبکہ پالم، جنتور اور مانوت کھلے زمرے کی خواتین کیلئے محفوظ ہے، وہیں پربھنی' گنگا کھیڑ اور سیلو کھلے زمرے کیلئے مختص ہے۔

ہنگولی ضلع میں بسمت درجِ فہرست ذاتوں (SC)' اونڈھا ناگناتھ درجِ فہرست قبائل کی خواتین کیلئے سین گاؤں پسماندہ طبقے کی خواتین کیلئے محفوظ کیا گیا ہے۔ وہیں کلمنوری کھلے زمرے کیلئے اور ہنگولی پنچایت سمیتی کے چیئرپرسن کا عہدہ کھلے زمرے کی خواتین کیلئے مخصوص کیا گیا ہے۔

اسی دوران لاتور اور چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع پریشد اور پنچایت سمیتیوں کیلئے ریزرویشن کی قرعہ اندازی آئندہ پیر کو کی جائیگی۔

***** ***** *****

موسمی بارش مانسون کی کل ریاست سے واپسی کی شروعات ہوچکی ہے۔ مانسون کی واپسی کی حد' علی باغ، اہلیا نگر اور آکولہ سے گزر رہی ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ آئندہ تین تا چار دنوں میں ریاست کے دیگر حصوں سے مانسون کی واپسی کیلئے حالات سازگار ہیں۔

***** ***** *****

دماغی صحت کے عالمی دن کے موقع پر تلجاپور میں گرام سیوکوں' تلاٹھیوں اور NGO's کے نمائندوں کیلئے ایک ذہنی صحت اور مشاورتی ہنرمندانہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ دھاراشیو کے ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجار نے اس ورک شاپ کی رہنمائی کی۔

***** ***** *****

بھارت ور ویسٹ انڈیز کے درمیان دوسرا اور آخری ٹیسٹ کرکٹ میچ کل سے شروع ہوا۔ دہلی میں کھیلے جا رہے اس میچ میں بھارت نے کل دو وِکٹوں کے نقصان پر 318 رنز بنائے۔ آج یہ کھیل دوبارہ شروع ہوگا۔ کل جب کھیل روکا گیا تو یشسوی جیسول 173 ور شبھمن گِل 20 رنوں پر کھیل رہے تھے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیرِاعظم کے ہاتھوں آج ''پردھان منتری دھن دھانیہ کرشی اسکیم'' کا افتتاح؛ ریاست کے 9 اضلاع کو اس اسکیم میں کیا گیا شامل۔

☆ وزیرِاعلیٰ نے بلدیاتی انتخابات میں چند نشستوں پر دوستانہ مقابلے کا دیا اشارہ۔

☆ کسانوں کے قرض کی معافی کا فیصلہ مناسب وقت پر کیا جائے گا: نائب وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے کا تیقن۔

☆ ناندیڑ، پربھنی اور ہنگولی اضلاع میں پنچایت سمیتی کے چیئرمین عہدوں کیلئے ریزرویشن کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ موسمی بارش مانسون نے ریاست سے واپسی کے سفر کا کیا آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****